27 ستمبر 2024ء

## اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف سے 760 ملین ایس ڈی آر (1026.9 ملین ڈالر کے مساوی) موصول ہو گئے

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی جانب سے 7 ارب ڈالر مالیت کی 37 مہینوں پر محیط توسیع شدہ فنڈ سہولت (Extended Fund Facility) کی منظوری کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو آج آئی ایم ایف سے 760 ملین ایس ڈی آر (1026.9 ملین ڈالر کے مساوی) کی پہلی قسط موصول ہو گئی ہے۔ ان رقوم کی عکاسی جمعرات 03 اکتوبر 2024ء کو جاری ہونے والے اسٹیٹ بینک کے زر مبادلہ کے ذخائر کے اعداد و شمار میں ہو گی۔

*******